چلی گئی تھیں ۔ اور وھیں سکونت اختیار کر لی تھی ۔ وھاں انھوں نے ایک عوامی کتب خانہ قائم کیا تھا ۔ یہاں وہ حدیث کا درس دیتی تھیں اور ممتاز محدثین ان کے حلقہ درس میں شریک ھوتے ۔ اور ان سے حدیث کی سند حاصل کرتے ۔ ان ممتاز محدثین میں شیخ عمر الحنفی اور شیخ محمد صالح الشافعی کے اسماء گرامی قابل ذکر ھیں۔ انھوں نے ۱۲۴۷ ھ میں انتقال کیا (۴۵)۔

ھم نے سطور بالا میں جو کچھ بیان کیا اس سے یہ بات واضح ہے کہ ان خواتین نے جنھوں نے حدیث میں ممتاز مقام حاصل کیا تھا اپنی علمی سرگرمیاں حدیث کے ذاتی مطالعہ یا چند طلبہ کو حدیث کی تعلیم دینے تک محدود نہیں رکھیں ۔ بلکہ اس دور کی علمی درسگاھوں میں یہ خواتین مردوں کے ساتھ بحیثیت طالبات اور بحیثیت اساتذہ برابر کی شریک رھیں ۔ حدیث کے عام طلبہ کے ساتھ یہ بھی ایک ھی جماعت میں ایک ھی استاد سے حدیث کا سبق پڑھتیں اور فارغ التحصیل ھونے کے بعد مدارس میں حدیث کی جماعتوں میں تدریس کی خدمت انجام دیتیں ۔ حدیث کی ان جماعتوں میں مرد اور عورتیں دونوں شریک ھوتے ۔ قدیم عربی کتابوں کے قلمی نسخے آج بھی بہت سے کتب خانوں میں محفوظ ھیں ۔ ان کی ترقیمات سے معلوم ھوتا ہے کہ مدارس میں ایک ھی جماعت میں طلبہ اور طالبات دونوں شریک ھوتے تھے ۔ اسی طرح مرد اور خواتین دونوں ھی تدریس کی خدمت بھی انجام دیتے تھے ۔ ابن البخاری کی کتاب المشیخہ مع التخریج کے صفحات ۲۳۸ ۔ ۲۴۰ کے مطالعہ سے ظاھر ھوتا ہے کہ ۶۸۷ھ میں دمشق کی جامع عمر میں پانچ سو طلبہ کی ایک جماعت میں گیارہ لکچرز کا کوئی باقاعدہ نصاب پڑھایا جاتا تھا ۔ اس سند میں ان طلبہ کے نام بھی درج ھیں ۔ ان پانچ سو طلبہ

میں کئی خواتین کے نام بھی ملتے ہیں جو طلبہ کے ساتھ اس جماعت میں شریک تھیں ۔ اسی کتاب کے اس مخطوطہ کے صفحہ ۴۰ پر ایک اور سند موجود ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ٣٦٧ھ میں حلب میں ابن الصیرفی کسی کتاب کا درس دیتے تھے ۔ یہ نصاب چھ محاضرات پر مشتمل تھا ۔ اس جماعت میں دو سو طلبہ شریک ہوتے تھے ۔ ان طلبہ میں طالبات بھی شامل تھیں جن کے نام اس سند میں درج ہیں ۔ اسی کتاب کے صفحہ ۲۵۰ پر ایک تیسری سند ہے ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مشہور محدث خاتون ام عبداللہ ۸۳۷ھ میں دمشق میں پانچ محاضرات پر مشتمل کسی کتاب کا درس دیتی تھیں ، ان کی اس جماعت میں پچاس سے زائد طلبہ، مرد اور خواتین، دونوں شریک ہوتے (٣٦) ۔ خطیب بغدادی کی کتاب الکفایہ نیز حدیث پر مختلف رسائل کے ایک مجموعہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نعمہ بنت علی اور ام احمد زینب بنت المکی اور حدیث کی دیگر ماہر خواتین ان دونوں کتابوں میں سے کسی ایک کا درس دیتیں، کبھی تنہا اور کبھی مرد محدثین کے ساتھ مل کر ، اور یہ درس عام مدارس میں باقاعدہ طلبہ کی جماعتوں میں دیئے جاتے، جیسے مدرسہ عزیزیہ اور مدرسہ ضیائیہ ۔ ان جماعتوں میں دوسرے طلبہ کے ساتھ بعض جماعتوں میں مشہور جنرل صلاح الدین کے فرزند بھی شریک ہوتے ۔ علم حدیث میں خواتین کی شاندار خدمات اور علمی سرگرمیوں کے بارے میں یہ چند مثالیں اور ہلکی سی جھلکیاں ہم نے پیش کی ہیں ۔ مزید تحقیق و جستجو سے اور بھی معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں (٣٧) ۔

# حوالہ جات

۱ ـ ابن سعد ـ کتاب الطبقات الکبیر ـ تحقیق ایڈورڈ سخاؤ ـ مطبوعہ لائیڈن ـ ۱۹۰۴ء ـ ج ۹ ـ ص ۳۵۵ ـ

۲ ـ سیوطی ـ تدریب الراوی ـ مطبوعہ مصر ـ ۱۳۰۷ھ ـ ص ۲۱۵ ـ

۳ ـ ابن سعد طبقات ـ محولہ بالا ایڈیشن ـ ج ۸ ـ ص ۳۵۲ ـ

۴ ـ المقری ـ نفح الطیب ـ مطبوعہ مصر ـ ۱۳۰۲ھ ـ ج ۲ ـ ص ۹۶ ـ

۵ ـ Genealogische Tabellen der Arabischen Stamme Und Familien, Gottingen, 1852-53,/430.

۶ ـ خطیب بغدادی ـ تاریخ بغداد ـ مطبوعہ مصر ـ ۱۳۴۹ھ ـ ج ۱۴ ـ ص ۴۳۳ ـ

۷ ـ ایضاً ـ ج ۱۴ ـ ص ۴۳۱ ـ ۴۳۴ ـ

۸ ـ ابن عماد الحنبلی ـ شذرات الذہب ـ مطبوعہ مصر ـ ۱۳۵۱ھ ـ ج ـ ص ۳۸ ـ ابن خلکان ـ وفیات الاعیان ـ مطبوعہ گوئٹنگن ۱۸۳۵ء ، تذکرہ ۳۱۳ ـ

۹ ـ المقری ـ نفح الطیب ـ مطبوعہ مصر ـ ۱۳۰۲ھ ـ ج ۱ ـ ص ۸۷۶ ـ

۱۰ ـ Ignaz Goldziher, Muhammadanische Studien, Halle, 1889, Vol. II P. 405, fn.

۱۱ ـ یاقوت الحموی ـ معجم الادباء ـ تحقیق مارگولیتھ ـ دوسرا ایڈیشن ـ ۱۹۳۳ ـ ج ۱ ـ ص ۲۴۷

۱۲ ـ فہرست مخطوطات عربی و فارسی ـ اورینٹل پبلک لائبریری ـ بانکی پور ـ ۱۹۲۰ ـ ج ۵ ـ حصہ اول ـ ص ۹۸ ومابعد ـ

۱۳ ـ Ignaz Goldziher, Muhammadanische Studien, op. cit. Vol. II, P. 405.

۱۴ ـ ابن عماد الحنبلی ـ شذرات الذہب ـ محولہ بالا ایڈیشن ـ ج ۴ ـ ص ۱۲۳ ، ۲۳۸ ـ

۱۵ ـ ابن الاثیر ـ تاریخ کامل ـ مطبوعہ مصر ـ ۱۳۱۰ھ ـ ج ۱۰ ـ ص ۳۳۶ ـ

۱۶ ـ ابن خلکان ـ وفیات الاعیان ـ گوئٹینگن ـ ۱۸۳۵ ـ تذکرہ ۲۹۵ ـ

۱۷ ـ Ignaz Goldziher, Muhammadanische Studien, op. cit. Vol. II, P. 406.

۱۸ ـ ابن عماد الحنبلی ـ شذرات الذہب ـ محولہ بالا ایڈیشن ج ۶ ـ ص ۳۰ ـ

۱۹ ـ ایضاً ـ ج ۸ ـ ص ۱۴

۲۰ ـ جمال الدین عبداللہ بن سالم ـ کتاب الامداد ـ حیدر آباد دکن ـ ۱۳۲۷ھ ـ ص ۳۶ ـ

۲۱ ـ ابن عماد الحنبلی ـ شذرات الذہب ـ محولہ بالا ایڈیشن ـ ج ۳ ـ ص ۱۰۰ ـ

۲۲ ـ جمال الدین عبداللہ بن سالم ـ کتاب الامداد ـ محولہ بالا ایڈیشن ـ ص ۱۶ ـ

۲۳ ـ ابن عماد الحنبلی ـ شذرات الذہب ـ مذکورہ بالا ایڈیشن ـ ج ۶ ـ ص ۵۶ ـ

۲۴ ـ ایضاً ـ ص ۱۲۶ ـ کتاب الامداد ـ ص ۱۴ ـ صالح بن محمد عمری ـ قطف الثمر ـ حیدر آباد دکن ـ ص ۴۷ ـ

۲۵ ـ سفرنامہ ابن بطوطہ (فرانسیسی ترجمہ) ـ مطبوعہ پیرس ۱۸۴۳ء ـ ص ۲۵۳ ـ

۲۶ ـ یاقوت الحموی ـ معجم البلدان ـ مطبوعہ لیزگ ۱۹۲۴ء ـ ج ۵ ـ ص ۱۳۰ ـ

٢٧ ـ یاقوت الحموی ـ معجم الادباء ـ مذکورہ بالا ایڈیشن ـ ص ١٧ ـ (یہ حوالہ درست معلوم نہیں ہوتا ـ مراجعت سے یہ واقعہ کتاب میں ہمیں نہیں مل سکا ـ مترجم)

٢٨ ـ فہرست مخطوطات عربی و فارسی ـ اورینٹل پبلک لائبریری بانکی پور ـ ١٩٢٠ ـ ج ٥ ـ حصہ اول ـ ص ١٧٥ و مابعد ـ

٢٩ ـ ابن خلکان ـ وفیات الاعیان ـ مذکورہ بالا ایڈیشن ـ تذکرہ ـ ٢٥٠ ـ

٣٠ ـ ابن عماد الحنبلی ـ شذرات الذھب ـ مذکورہ بالا ایڈیشن ـ ج ٥ ـ ص ٢١٢ ـ ٣٠٣ ـ

٣١ ـ ابن حجر عسقلانی ـ الدرر الکامنہ ـ حیدر آباد دکن ـ ١٣٣٨ھ ـ ج ١ ـ تذکرہ ١٤٧٢ ـ

٣٢ ـ ابن عماد الحنبلی ـ شذرات الذھب ـ مذکورہ بالا ایڈیشن ـ ج ٧ ـ ص ١٢٠ ـ

٣٣ ـ ایضاً ـ ج ٦ ـ ص ٢٠٨

٣٤ GAL. Sup. 2, P. 34.

٣٥ ـ فہرست مخطوطات عربی و فارسی ـ کتب خانہ بانکی پور ـ ج ١٢ ـ نمبر شمار ٢٧٧ ـ

٣٦ ـ ایضاً ـ

٣٧ ـ السخاوی ـ الضوء اللامع ـ مطبوعہ مصر ـ ١٣٥٣ھ ـ ج ١٢ ـ تذکرہ ـ ٩٨٠ ـ

٣٨ ـ ایضاً ـ تذکرہ ـ ٥٨ ـ

٣٩ ـ ایضاً ـ تذکرہ ـ ٣٥٠ ـ

٤٠ ـ ایضاً ـ تذکرہ ـ ٩٠١ ـ

٤١ ـ محی الدین عبدالقادر العیدروسی ـ تاریخ النور السافر عن اخبار القرن العاشر ـ تحقیق محمد رشید الصفا ـ مطبوعہ بغداد ١٣٥٣ھ ـ ص ٣٩ ـ

٤٢ ـ طیفور ـ احمد بن ابی طاہر ـ تاریخ بغداد ـ ترجمہ جرمن ـ مطبوعہ لیزگ ـ ١٩٠٨ء ـ نیز ملاحظہ ہو فہرست مخطوطات عربی و فارسی ـ کتب خانہ بانکی پور ـ ج ١٢ ـ ص ٦٦٥ ـ

٤٣ ـ ایضاً ـ

٤٤ Ignaz Goldziher, Muhammadanische Studien, op. cit. Vol II, P. 407.

٤٥ ـ محمد بن عبداللہ النجدی ـ السحب الوابلہ ـ ملاحظہ ہو فہرست مخطوطات عربی و فارسی ـ کتب خانہ بانکی پور ـ ج ١٢ ـ نمبر شمار ٦٦٥ ـ

٤٦ ـ فہرست مخطوطات عربی و فارسی ـ کتب خانہ بانکی پور ـ ج٥ ـ حصہ دوم ـ ص ٣٤ ـ مصنف ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی نے اپنے اس خیال کی تائید میں ان تینوں سندوں کا اپنی انگریزی کتاب حدیث لٹریچر میں عکس بھی شائع کیا ہے ـ جن میں ان طلبہ اور طالبات کے نام درج ہیں ـ ص ١٥٢ ـ ١٥٣ ـ

٤٧ ـ ایضاً ـ ج ٥ ـ حصہ دوم ـ ص ١٥٥ ـ ١٥٩ و ص ١٨٠ ـ ٢٠٨

کتب خانہ بانکی پور میں اس قسم کے اور بھی نوادر موجود ہیں ـ کتب خانہ ظاہریہ دمشق میں بھی ایسے مخطوطات موجود ہیں جن کی کتابت خواتین نے کی ہے ـ نیز ملاحظہ ہو دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن کے علمی مجلہ المباحث العلمیہ ١٣٥٨ھ میں علامہ عبدالعزیز المیمنی کا اس موضوع پر مقالہ ـ ص ١ ـ ١٣ ـ

★